مارچ 9، 2020

ڈیر ایس سی پی ایس فیملیز اور سٹاف،

سٹوفورڈ کاؤنٹی پبلک سکول (ایس سی پی ایس) اپنے طلبا اور فیملیز کی صحت، حفاظت اور فلاح پر خصوصی توجہ دیتا ہے۔ اس مقصد کے لیے، ہم کرونا (کوڈ-19) وائرس کے پھیلاؤ کی مانیٹرنگ ورجینیا ہیلتھ ڈیپارٹمنٹ (وی ڈی ایچ) اور مرکز برائے بیماری کنٹرول (سی ڈی سی) کے ذریعے کر رہے ہیں۔ اگر ایس سی پی ایس اس وائرس سے متاثر ہوتی ہے تو اس کے مطابق آپریشنز کے جاری رہنے کے متعلق اپ ڈیٹ کرنا جاری ہے۔ اتوار، مارچ 8، 2020 کو وی ڈی ایچ نے کامن ویلتھ میں کوڈ-19 کے دو مصدقہ کیسز کو رپورٹ کیا ہے۔

ہم محکمہ صحت اور دیگر ریاستی اور مقامی ایجنسیز کے ساتھ مل کر کوڈ-19 کے علاقہ میں پھیلاؤ کے بارے میں متوقع حالات کے لیے تیاری کر رہے ہیں۔ اگر ایس سی پی ایس کوڈ-19 سے متاثر ہوتی ہے اور سکول کے شیڈول پر اثر پڑتا ہے تو ہماری متعاون ٹیم نے اس صورتحال کے لیے ایک ہدایاتی متبادل تیار کیا ہے۔ اگر ہم لمبے عرصے کے لیے بند ہو جائیں تو ازراہ کرم اگلے چند دن میں پیغامات پر توجہ دیں تاکہ آپ مجوزہ سیکھنے کی سرگرمیوں تک انٹرنیٹ رسائی کے تعین کے لیے ہماری مدد کر سکیں۔ بالکل جیسے شدید موسمی واقعے کی صورت میں، فیملیز کو سکولوں اور سکول جانے والے بچوں کے متاثر ہونے کی صورت میں پلان پر غور کرن چاہیے۔

ہم روزمرہ روٹین کا دوبارہ تجزیہ کر رہے ہیں تاکہ بڑے سماجی اجتماعات کو کم کرنے کا تعین کیا جاسکے۔ بڑے اجتماعات پلان کرتے ہوئے، مہربانی کر کے یاد رکھیں کہ کوڈ-19 کا 60 سال سے زائد لوگوں پر اور مزید طبی مسائل جیسے کہ دل کا عارضہ، پھیپھڑوں کی بیماری، ذیابیطس، کمزور دفاعی نظام کے حامل افراد اور دوسرے طبی مسائل والے لوگوں پر زیادہ اثر انداز ہوتے ہیں۔ ہم سٹاف اور طلبا کو ہاتھ ملانے اور زیادہ بخار ہونے کی حوصلہ شکنی کر رہے ہیں اور ایک دوسرے سے جسمانی طور پر چھونے سے پرہیز کی سفارش کر رہے ہیں۔

**بیماری کے پھیلاؤ کے تدارک کے لیے مہربانی فرما کر حوصلہ افزائی جاری رکھیں۔**

- صابن اور پانی کے ساتھ کم از کم 20سیکنڈ تک ہاتھ دھوئیں۔ اگر دستیاب نہ ہوتو،60 فی صد یا زیادہ الکوحل ملے سیٹائزر کو استعمال کریں۔
- آپنی آنکھوں، ناک اور منہ کو چھونے سے گریز کریں۔
- چھینکتے / کھانستے ہوئے اپنے منہ اور ناک کو ڈھانپ کر رکھیں۔ ٹشو پیپر استعمال کریں یا اپنی آستین میں کھانسیں / چھینکیں۔
- بیمار لوگوں کے ساتھ جسمانی روابط سے گریز کریں۔
- سی ڈی سی اور وی ڈی ایچ نے چھ ماہ یا اس سے بڑی عمر کے تمام لوگوں کے فلو کی ویکسین کی سفارش کی ہے۔
- **اگر آپ نے پچھلے 14 دن میں زیادہ خطرہ والے ملک میں سفر کیا ہے، تو پھر ذاتی قرنطینہ اور ذاتی نگرانی کے لیے وی ڈی ایچ اور سی ڈی سی سے رابطہ کریں۔**

**جب بچہ بیمارہو تو اس کو گھر پر رکھنے کے لیے مہربانی کر کے ایس سی پی ایس ہیلتھ سروسز کی ہدایات پر عمل کریں۔**

- بخار جو 100 فارن ہیٹ یا 37.7 سیلیس سے زیادہ ہو
- 24 گھنٹے میں قے آئے
- پیچش
- ناکے سے پیلی یا سبز رطوبت آنے کی صورت میں
- شدید کان کی دردیں (درد) یا پرانی بلغمی (نم) کھانسی
- عام بیمارزدگی، تھکن کا احساس، تکلیف، کمزوری اور پٹھوں کی دردیں

چونکہ آنے والی بہار کے چھٹیوں میں فیملیز نے سفر کا پروگرام بنایا ہوتا ہے ، مہربانی کے اور دی گئی تدارک کے اقدامات پر عمل جاری رکھیں۔ اگر صابن اور پانی تک رسائی ممکن نہیں، 60 فی صد یا زیادہ الکوحل ملے سیٹائزر کے

استعمال کی سفارش کی جاتی ہے۔ کوڈ-19 سے غیر متاثر افراد کے لیے سی ڈی سی فیس ماسک استعمال کرنے کے سفارش نہیں کرتی۔ اگر آپ کے بیرون ملک سفر کا پلان ہے، تو سی ڈی سی ٹریول ایڈوائزری https://www.cdc.gov/coronavirus/2019-ncov/travelers/index.html ٹریول الرٹ معلومات اور احتیاطی تدابیر کے لیے

ایس سی پی ایس ، وی ڈی ایچ اور سی ڈی سی کے ساتھ طلبا اور سٹاف کے بیرون ملک یا زیادہ خطرہ والے علاقے سے واپسی پر کام جاری رکھے گی۔ سفر سے واپسی پر، مہربانی کر کے رہنمائی کے لیے سی ڈی سی اور وی ڈی ایچ ٹریول الرٹ انفارمیش کی طرف رجوع کریں۔ صورتحال تیزی سے تبدیل ہو رہی ہے اس کے مطابق الرٹس اور سفارشات بھی اکثر ایڈجسٹ ہوتی رہتی ہیں۔

بیماری کے پھیلاؤ کے تدارک میں مدد کے لیے ایس سی پی ایس صفائی کی روٹین کو جاری کھے ہوئے ہیے۔ TBہم اگزیور ٹی بی ڈس انفیکٹینٹ سپرے، جو ماحولیاتی ایجنسی سے انفلوئنزا، ٹی بی، نوووائرس اور کوڈ-19 پر سپرے کے سفارش کردہ ہے، استعمال کرتے ہیں۔ یہ ہسپتال کے گریڈ کی ڈیس انفیکٹنٹ پروڈکٹ ہے۔ اساتذہ کو اگزیور ٹی بی سپرے کلاس رومز میں صفائی کے عمل میں مد دینے کے لیے مہیا کر دیا گیا ہے۔ مزید، بہار کی چھٹیوں میں نگران سٹاف تمام علاقوں کو صاف اور ڈیس انفیکٹ کرے گا۔

بچوں کے لیے کوڈ-19 کی اب تک کلیینکل نتائج کے بارے میں چند رپورٹس ہیں۔ چائنا سے دستیاب محدود رپورٹس کے مطابق، کوڈ-19 کے مصدقہ کیس والے بچوں میں معتدل سی علامات ہوتی ہیں۔ اگر شدید پچیدگیاں (شدید سانس کے دباؤ کا سنڈروم، سیپٹک شاک) رپورٹ کی گئی ہیں، وہ غیر معمولی لگتی ہیں۔ تاہم ، جیسا کہ دوسری تنفس یا سانس کی بیماریوں کے ساتھ، بچوں کی ایک آبادی اس بیماری کے زیادہ خطرہ میں ہو سکتی ہے جیسا کہ بچے جن میں پہلے سے صحت کے مسائل ہوں۔ https://www.cdc.gov/coronavirus/2019-ncov/specific-groups/children-faq.html

ورجینیا کا محکمہ تعلیم، (وی ڈی او ای) اگر سکول کوڈ-19 کی وجہ سے بند ہوتے ہیں، تو سکولوں کے نظام کے لیے مزید رہنمائی دی ہے۔ وی ڈی او ای کی سفارشات کے مطابق، ایس سی پی ایس وی ڈی ایچ کے ساتھ مل کر پھیلاؤ کی وجہ سے سکولوں کی بندش کا فیصلہ کرے گا۔ جیسا کہ یہ صورتحال بدلتی ہے، ہم وی ڈی ایچ کے ساتھ تعاون سے کاموں کی ایڈجسٹمنٹ کریں گے۔

ایس سی پی ایس کی منزل طلبا اور سٹاف کی صحت، تحفظ اور فلاح کو یقینی بنانا ہے۔ مہربانی کر کے یاد رکھیں کہ کوڈ-19 کا نسل، قبیلے یا قومیت سے کوئی تعلق نہیں ہے۔ ہم باقاعدگی سے اپ ڈیٹس کے بارے میں بتاتے رہیں گے۔ **اپ ڈویژن اپ ڈیٹس کے لیے ایس سی پی ایس ویب سائٹ وزٹ کر سکتے ہیں-www.staffordschools.net**. ہمارے سٹیک ہولڈرز نے جو پریشانی اور تعاون ہمیں دیا ہے ہم اس کی قدر کرتے ہیں۔ جیسا کہ آپ اگاہ ہیں، یہ ایک تیزی سے بڑھتا ہوا واقعہ ہے، ہماری فیملیز کو محفوظ رکھنے کے لیے آپ کا تعاون اہمیت کا حامل ہے۔

مخلص،

سکاٹ آر کنزر، پی ایچ ڈی

سپرنٹنڈنٹ

سٹافورڈ کاؤنٹی پبلک سکولز